زراعت نامہ

یکم تا 15 نومبر 2021

شعبہ اصلاحِ آبپاشی، محکمہ زراعت

سفارشات برائے کاشتکاران

ملک محمد اکرم، ناظمِ اعلٰی زراعت (اصلاحِ آبپاشی) پنجاب

- گندم کی فصل کاشت کرنے سے پہلے زمین کو لیزر لینڈ لیولر سے ہموار کریں۔ کپاس، مکئی اور کماد کے بعد گندم کی کاشت کے لیے وتر، خشک یا گپ چھٹ کا طریقہ استعمال کریں۔
- آلو کی کم پانی سے بہتر، یکساں اور معیاری پیداوار حاصل کرنے لیے ڈرپ نظام آبپاشی کے ذریعے کاشت کریں۔
- روایتی طریقے سے کاشت کردہ آلو کی فصل کو پہلی آبپاشی کاشت کے فوراً بعد کریں اور اس بات کو یقینی بنائیں کہ پانی کھیلیوں کے دو تہائی حصہ تک پہنچے ورنہ زمین سخت ہو جائے گی اور اگاؤ متاثر ہو گا۔
- دھان کی کٹائی کے بعد دھان کے مڈھوں اور باقیات کو آگ نہ لگائیں اس سے ماحولیاتی آلودگی میں اضافہ ہوتا ہے۔ اگر زیرو ٹیلج ڈرل، ہیپی سیڈر یا پاک سیڈر میسر ہو تو کوشش کریں کہ دھان کی برداشت کے بعد وتر حالت میں گندم کی فصل ڈرل سے کاشت کریں۔
- برسیم کی فصل شام کے وقت کاشت کرنے سے اس کا اگاؤ بہتر ہوتا ہے۔ فصل کو پہلا پانی جلدی یعنی بوائی سے ایک ہفتہ کے اندر ضرور دینا چاہیئے۔
- گاجر کی فصل کے بہتر اگاؤ کے لیے بیج بونے کے بعد ہفتہ میں دو دفعہ آبپاشی کریں۔ اگاؤ کے بعد فصل کو ضرورت کے مطابق ہفتہ میں ایک بار پانی دیں۔ واضح رہے کہ مناسب وقفے سے پانی دینے سے زمین نرم اور بھربھری رہتی ہے جس سے اچھی کوالٹی کی گاجر حاصل ہوتی ہے۔
- ڈرپ نظامِ آبپاشی کی مدد سے ٹنل میں لگائی گئی سبزیوں کی آبپاشی اور پانی میں حل پذیر کھادوں کا استعمال بذریعہ فرٹیگیشن شعبہ اصلاحِ آبپاشی کی جانب سے مہیا کردہ جدولِ آبپاشی کے مطابق جاری رکھیں۔ یاد رہے کہ مائع کھادوں کا استعمال پودے کو سالٹ انجری (Salt Injury) سے بچاؤ کے لیے بھی انتہائی مددگار ہے۔
- مکئی کی فصل کو پھول آنے اور دانے کی دودھیا حالت سوکا نہ آنے دیں۔
- ریتلی، پتھریلی، غیر آباد، پانی کی کمی والی، بارانی اور ناہموار زمینوں میں منافع بخش فصلوں / گھنے باغات کی کاشت بذریعہ ڈرپ نظامِ آبپاشی کریں۔
- ڈرپ اریگیشن سسٹم کی عمومی یا اصلاحی دیکھ بھال کرنے سے پہلے پانی کے ذرائع کی طبعی، کیمیائی اور دیگر خصوصیات کی جانچ پڑتال کر لیں تا کہ ایمیٹرز (Emitters) کے بند ہونے کے خطرات کا اندازہ لگایا جا سکے۔
- فصلوں کی آبپاشی ضرورت کے مطابق موسمی پیش گوئی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے کریں۔ بارش کے دنوں میں نشیبی زمینوں میں فصلوں کی آبپاشی میں خصوصی احتیاط کریں۔
- فصلات کی آبپاشی سے متعلق کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے شعبہ اصلاحِ آبپاشی کے عملے سے رابطہ کریں۔ تمام تحصیلوں، اضلاع اور ڈویژنوں کے افسران کے رابطہ نمبر اصلاحِ آبپاشی کی ویب سائٹ ofwm.agripunjab.gov.pk پر موجود ہیں۔